میں آفتاب بن کر عوام الناس کی راہنمائی نہ کی ہو۔ان ہی گنے چنے نفوس قدسیہ میں حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کی ذات ستودہ صفات بھی ہے۔وہ اپنے خصائل حمیدہ کے لحاظ سے بلاشبہ ایک منفرد ہستی ہیں۔جو نہ صرف عارف باللہ بلکہ مجاہد فی سبیل اللہ بھی ہیں۔زیر مطالعہ کتاب میں حضرت مدنی رحمہ اللہ کی سیاسی،علمی اور دینی زندگی کے حالات وواقعات ،سیرت وسوانح ارشادات وملفوظات اور ایمان افروز باتیں جمع کی گئی ہیں۔مولانا عبدالقیوم حقانی مشنری آدمی ہیں۔انہیں اپنے اسلاف سے بے پناہ محبت ہے۔یہی محبت مولانا کی مرتب کردہ اس کتاب میں جھلکتی ہے۔رنگین ٹائٹل میں خوبصورت جلد کے ساتھ کتاب شائع کی گئی ہے۔

❑ کتاب: تجزیۂ فتنۂ حقوق وآزادئ نسواں اوراین جی او مافیا　　مرتب:عبدالرشید ارشد

ضخامت:۱۰۶ صفحات　　ناشر:النور ٹرسٹ (رجسٹرڈ) جوہر پریس بلڈنگ،جوہر آباد

اسلامی جمہوریہ پاکستان،اسلام کے نظریۂ حیات پر معرضِ وجود میں آیا تھا جسے آج کل کے اشرافیہ نے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے۔نام نہاد مسلم حکمرانوں اور بے دین دانشوروں کی کوتاہیوں کی سزا پوری قوم کو اس طرح مل رہی ہے کہ سماجی خدمت کے نام پر،غیر ملکی سرمایہ پر پلنے والی،غیر اسلامی ایجنڈے کی تکمیل کے لیے ہر وقت کوشاں این جی اوز،حقوق و آزادئ نسواں کے پرکشش نعرے اور بائبل کارسپانڈنس کورس کے نام پر کھلی گمراہی کے منصوبہ پر کام کر رہی ہیں اوراعتدال پسند روشن خیال حکومت مکمل یکسوئی کے ساتھ ان کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔

اس کتاب میں این جی او مافیا کی انہی گمراہ کن سرگرمیوں کا علمی محاکمہ کیا گیا ہے۔پاکستان میں دین کا کام کرنے والے اداروں،جماعتوں اور اُن سے وابستہ افراد کو بیدار مغزی اور حوصلہ مندی کے ساتھ اسلام دشمن تحریکوں پر گہری نظر رکھنی چاہیے اور اُن کے خطرناک منصوبوں سے ہر وقت باخبر رہنا چاہیے۔جناب عبدالرشید ارشد تسلسل سے ایسی مفید کتابیں شائع کر کے قوم کو خبردار کر رہے ہیں۔ان کی یہ مساعی واقعی قابلِ ستائش ہے۔اللہ تعالیٰ ان کی صحت اور عمر میں برکت عطا فرمائے۔

❑ کتابچہ: مسلم اور غیر مسلم کی شناخت کا مسئلہ اور حدود حرمین شریفین میں قادیانیوں کے داخلے کے مضر اثرات

مرتب:مولانا مجاہد الحسینی　　ناشر:سیرت مرکز،۶۵ بی پیپلز کالونی نمبر۱۔فیصل آباد

مولانا مجاہد الحسینی کسی تعارف کے محتاج نہیں۔موصوف عہد رفتہ میں روزنامہ ''آزاد''،''نوائے پاکستان'' اور ہفت روزہ ''خدام الدین'' کے ایڈیٹر رہ چکے ہیں۔آج کل ماہنامہ ''صوت الاسلام'' (فیصل آباد) کے مدیر اعلیٰ ہیں۔انہوں نے بڑی شرح وبسط سے دلائل کے ساتھ اس بات کی وضاحت کی ہے کہ جب ہر شخص کو چھاؤنیوں،سیکورٹی کے مراکز ،پریزیڈنٹ ہاؤس،سیکرٹریٹ،ٹیلیویژن سنٹر،ریڈیو سٹیشن اور عیسائیوں کے مرکزی مقام ویٹی کن سٹی وغیرہ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے اور خود قادیانیوں کے مرکزی مقام قادیان میں بھی کوئی مسلمان نہ تو داخل ہو سکتا تھا اور نہ کاربار و کر سکتا تھا تو